الیکشن کمیشن آف پاکستان

***

March 08, 2021

## خواتین کے عالمی دن کے موقع پر چیف الیکشن کمشنر کا پیغام

آج خواتین کے عالمی دن کے موقع پر میں الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے خواتین اور معاشرے کے تمام طبقات بشمول اقلیتوں، افراد باہم معذوری اور خواجہ سراء کی انتخابی عمل میں موثر شمولیت کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں۔ خواتین کا عالمی دن ہمیں اِس حقیقت کا احساس دلاتا ہے کہ معاشرے میں اُن کا کردار سماجی، معاشی اور سیاسی ترقی کے لئے انتہائی ضروری ہے۔ بابائے قوم قائدِ اعظم محمد علی جناح کے الفاظ ہمارے لئے مشعلِ راہ ہیں۔ آپ نے فرمایا تھا کہ کوئی بھی قوم اُس وقت تک ترقی نہیں کر سکتی جب تک اُس کی خواتین مردوں کے شانہ بشانہ کام نہیں کرتیں۔

انتخابی عمل میں خواتین بحثیت ووٹر، امیدوار، سکیورٹی اہلکار، پولنگ ایجنٹ، مشاہدہ کار، الیکشن اسٹاف، میڈیا، سیاسی ورکر اور سیاسی لیڈر کے طور پر شریک ہو کر جمہوری عمل کو آگے بڑھاتی ہیں اور مشکلات کا دلیری سے مقابلہ کرتی ہیں۔

آئینِ پاکستان نے آرٹیکل (3 ) 218 کے تحت الیکشن کمیشن پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ملک میں آزادانہ، منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف انتخابات کا انعقاد کرائے اور آئین کے آرٹیکل (2) 25 کے تحت میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ برابری کی سطح پر معاشرے کے تمام طبقات کی بلاخوف و خطر الیکشن میں شمولیت کو یقینی بنانا بھی ہماری اولین ترجیح ہے۔ اِس موقع پر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ الیکشن کمیشن اپنے آئینی اور قانونی کردار کی تکمیل احسن طریقے سے پورا کرنے کے مشن پر کاربند رہے گا۔

اس موقع پر الیکشن کمیشن نے مختلف اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ قومی اور صوبائی سطح پر مشاورتی تقاریب کا اہتمام کیا ہے۔ جس کا مقصد خواتین، خواجہ سراء، اقلیتوں اور افراد باہم معذوری کی انتخابی عمل میں شمولیت اور کردار میں اضافے کے لئے کارآمد تجاویز کا حصول ہے۔

امید ہے کہ ان مشاورتی/تقاریب کے دوران شرکاء بالخصوص خواتین، متعلقہ اداروں اور سول سوسائٹی کی جانب سے پیش کی گئی تجاویز ہماری کوششوں کو جاری رکھنے کے لئے معاون ثابت ہوں گی۔

***